www.KitaboSunnat.com

لانا ضروری ہے کہ کتاب میں موجود اکثر اصول اور فارمولے خود مصنف موصوف کی ذہنی کاوش کا نتیجہ ہیں۔ اور آپ نے اپنی خداداد صلاحیتوں کو بروئے کار لاتے ہوئے علم فلکیات جیسے اہم موضوع پر اپنی گرانقدر تحقیق سے نوازا ہے جس پر بجا طور پر آپ مبارکباد کے مستحق ہیں۔

مجموعی طور پر یہ کتاب تین حصوں پر مشتمل ہے۔ حصہ اول میں علم ہیئت کے نظریات اور اسلامی نظریات۔ حصہ دوم میں ہجری و عیسوی سنین کے دن معلوم کرنے اور ان کے مابین مطابقت کے طریقے، اور حصہ سوم میں ا ھ سے ۱۶۸۰ھ تک یعنی ۶۲۲ء سے ۲۲۵۲ء تک کی تقابلی تقویم شامل ہے۔

اس کے مطالعہ سے عیسوی تقویم کے مقابلہ میں ہجری و قمری تقویم کی افادیت و اہمیت واضح ہوتی ہے۔ خلاصہ اینکہ یہ کتاب بڑی مفید، معلوماتی اور جامع ہونے کی بنا پر ہر صاحب علم اور ہر علمی ادارہ کی لائبریری کی ضرورت ہے۔ کتابت، طباعت، کاغذ اور ٹائیٹل نہایت عمدہ، ظاہری و معنوی محاسن سے مزین و مرصع اور قیمت بھی انتہائی مناسب۔

جملہ اہل علم کو ضرور اس کتاب کا مطالعہ کرنا چاہئے۔ واللہ الموفق وھو ولی التوفیق

خلاصہ الفرقۃ الجدیدہ جماعت المسلمین مع الجماعۃ الجدیدہ بجواب الجماعۃ القدیمہ

" الفرقۃ الجدیدۃ جماعت المسلیمن کے بانی مسعود احمد (بی ایس سی) کا علمی محاسبہ " کے بعد اب " خلاصۃ الفرقۃ الجدیدۃ جماعت المسلمین " قارئین کرام کی خدمت میں پیش کی جارہی ہے۔ جس میں بڑی جامعیت کے ساتھ ھو سمّاکم المسلمین اور حدیث " تلزم جماعۃ المسلمین و امامھم " کا صحیح مفہوم واضح کیا گیا ہے۔ اور موصوف نے اس سلسلہ میں عوام الناس اور اپنی جماعت کے ساتھیوں کو جس دھوکا و فریب میں مبتلا کر رکھا تھا، ان پردوں کو بھی چاک کیا گیا ہے۔ علاوہ ازیں موصوف نے اس سلسلہ کی احادیث میں جو خیانت کی تھی اس کا ناقابل تردید دلائل کے ساتھ بھانڈا پھوڑا گیا ہے۔

اس کے علاوہ موصوف نے الفرقۃ الجدیدۃ کا جو مختصر جواب الجماعۃ القدیمۃ کے نام سے دیا تھا اس کے بھی ٹھوس اور دندان شکن جوابات " الجماعۃ الجدیدۃ بجواب الجماعۃ القدیمۃ" کے نام سے اسی کتاب میں پیش کردیا ہے۔ کتاب میں اور بھی بہت سے علمی مباحث ہیں جو پڑھنے سے تعلق رکھتے ہیں۔ رعائتی قیمت گیارہ روپے پیشگی ارسال کرنے والوں کو کتاب فوراً روانہ کردی جائے گی۔ (ان شاء اللہ العزیز)

پتہ :- ڈاکٹر ابو جابر عبداللہ دامانوی بلاک نمبر 36 مکان نمبر 614 کیماڑی کراچی نمبر 7

محکمہ دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد کتب پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ